Mayor's Office of Immigrant Affairs

Health

NYC HEALTH+ HOSPITALS

نیویارک کے تارکین وطن باشندوں کے نام کھلا خط

مارچ 2025

نیو یارک سٹی میں ترک وطن کی حیثیت یا ادائیگی کرنے کی صلاحیت سے قطع نظر آپ کو نگہداشت صحت کا حق حاصل ہے۔ نگہداشت صحت بہت اہم ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ آپ بیماری یا ہنگامی صورتحال کا سامنا کرنے سے پہلے ہی وہ نگہداشت حاصل کر لیں، جس کی آپ کو ضرورت ہے۔ آپ کو ڈاکٹر، کمیونٹی ہیلتھ سینٹر یا ہسپتال جانے سے ڈرنا نہیں چاہیے۔ ہمارے ڈاکٹر، نرسیں اور نگہداشت صحت کے دیگر کارکنان آپ کا خیال رکھتے ہیں۔ ان میں سے بہت سے خود تارکین وطن ہیں، جن کا تعلق ان کمیونٹیز سے ہوتا ہے جن کی وہ خدمت کرتے ہیں اور وہ آپ کی اپنی زبان بولتے ہیں۔ ہم سب آپ کے لیے یہاں موجود ہیں۔

NYC Health + Hospitals شہر کے 11 پبلک ہسپتالوں، پانچ نرسنگ ہومز اور ہر بورو میں موجود Gotham Health Centers چلانے کا اہتمام کرتا ہے۔ نیو یارک سٹی محکمۂ صحت شہر کی جنسی صحت، امیونائزیشن اور تپ دق کے کلینک اور Neighborhood Health Action Centers چلاتا ہے۔ ہمارے ہیلتھ سینٹرز اور ہسپتالوں کی ایک طویل اور فخریہ تاریخ ہے، جس میں ہم نے ہر کسی کی دیکھ بھال کی ہے۔ کوئی استثناء نہیں ہے۔

ہم آپ کی رازداری کا احترام کرتے ہیں۔ جب آپ ہماری صحت کی سہولتوں گاہوں میں تشریف لاتے ہیں، تو آپ کو نگہداشت حاصل کرنے کے لیے اپنی ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں معلومات دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ہم مریض کی معلومات صرف آپ کی رضامندی سے یا اگر قانون کے تحت اجازت یا ضرورت ہو، تو تب ہی جاری کرتے ہیں۔

ذیل میں چند چیزیں دی گئی ہیں، جو آپ کو نیو یارک سٹی میں نگہداشت حاصل کرنے کے حوالے سے جاننی چاہئیں:

- ترک وطن کی حیثیت یا آمدنی سے قطع نظر، تمام بچے، حاملہ افراد اور 65 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بالغ افراد صحت کا بیمہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ہمارا عملہ سائن اپ کرنے میں آپ کو مدد دینے کے لیے دستیاب ہے، بشمول آپ کو یہ سمجھنے میں مدد دینا کہ کاغذی کارروائی مکمل کرنے کے لیے آپ کو کون سی ذاتی معلومات کی ضرورت ہے۔ مزید جاننے کے لیے ملاحظہ کریں: **nychealthandhospitals.org/paying-for-your-health-care/**

- اگر آپ صحت کا بیمہ حاصل نہیں کر سکتے یا اس کی استطاعت نہیں رکھتے، تو آپ NYC Care کے لیے اہل ہو سکتے ہیں، جو شہر کا نگہداشت صحت تک رسائی کا کم لاگت یا مفت پروگرام ہے۔ مزید جاننے کے لیے **www.nyccare.nyc** ملاحظہ کریں۔

- NYC Health + Hospitals ہر کسی کے لیے دستیاب نیو یارک سٹی حکومتی شناختی کارڈ کے لیے IDNYC کے ساتھ شراکت داری کرتا ہے۔ IDNYC ایک منظور شدہ شناختی دستاویز ہے جسے مریض NYC Health + Hospitals میں رجسٹریشن اور چیک اِن کے دوران استعمال کر سکتے ہیں۔ IDNYC کو نسخے کی ادویات پر رعایت اور آپ کے ویکسین ریکارڈ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے **nyc.gov/idnyc** پر جائیں۔

- **اس کے علاوہ، سٹی کی دیگر خدمات بھی آپ کے لیے دستیاب ہیں، بشمول خوراک، تعلیم، قانونی خدمات، عوامی تحفظ اور مزید بہت کچھ۔** ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ نیو یارک سٹی حکومت کے اہم وسائل اور معلومات تلاش کریں جو آپ اور آپ کے خاندان کے لیے دستیاب ہیں۔ ملاحظہ کریں **nyc.gov/immigrants** اور میئر کے دفتر برائے امور تارکین وطن کی وسیلہ گائیڈ تک رسائی کے لیے **وسائل** تلاش کریں۔

آپ کہاں سے نگہداشت حاصل کر سکتے ہیں

NYC Health + Hospitals پبلک ہسپتال اور صحت کے مراکز پورے نیو یارک سٹی کے محلوں میں واقع ہیں اور آپ کی زبان میں خدمات فراہم کر سکتے ہیں۔ اپنے قریب موجود مقام تلاش کرنے کے لیے **nychealthandhospitals.org/locations** پر جائیں۔ ہمارے تمام مقامات پر، آپ 200 سے زائد زبانوں میں 24/7 ترجمانی کی مفت خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہم اپنے مریضوں کی بولی جانے والی 13 سر فہرست زبانوں میں ترجمہ شدہ مواد بھی فراہم کرتے ہیں تاکہ ہم آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دے سکیں۔

نیو یارک سٹی محکمہ صحت کے جنسی صحت، حفاظتی ٹیکوں اور تپ دق کے کلینک Bronx, Brooklyn, Manhattan اور Queens میں موجود ہیں اور Neighborhood Health Action Centers آپ کی خدمت میں Bronx, Brooklyn اور Manhattan میں دستیاب ہیں۔ ہمارے مقامات تلاش کرنے کے لیے **nyc.gov/health** پر جائیں۔ ہمارے مراکز مختلف زبانوں میں خدمات، پروگرامز اور سرگرمیوں کی ایک وسیع رینج پیش کرتے ہیں۔

NYC Care اور IDNYC جیسے وسائل کے بارے میں مزید جاننے کے لیے یا NYC Health + Hospitals، نیویارک سٹی محکمہ صحت یا میئر کے دفتر برائے امورِ تارکین وطن کو پیغام بھیجنے کے لیے، تمام سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت کی فہرست کے لیے **311** پر کال کریں۔

ہمارا مشن نیو یارک کے **ہر باشندے کو بااختیار بنانا ہے — کسی استثناء کے بغیر** — تاکہ وہ ممکنہ حد تک صحت مند ترین زندگیاں گزار سکیں۔

Mitchell Katz, MD
پریزیڈینٹ اور CEO
NYC Health + Hospitals

Michelle Morse, MD, MPH
قائم مقام ہیلتھ کمشنر
نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت

Manuel Castro, MPA
کمشنر
نیو یارک سٹی میئر کا دفتر برائے امورِ تارکین وطن